| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام | باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت و پرورش کے واقعات جان سکیں۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام علیہم السلام بھیجے۔ نبوت کے سلسلے کی ابتدا حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی اور اس سلسلے میں سب سے آخر میں پیارے نبی حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ تشریف لائے۔ طلبہ کو بتائیں کہ مسلمان سب انبیائے کرام علیہم السلام پر ایمان رکھتے ہیں۔ ان سب نے لوگوں کو ایک اللہ کی بندگی اور عبادت کی دعوت دی۔ توحید کا سبق دیا۔ لوگوں کو نیکی کا راستہ دکھایا۔ بُرے کاموں سے بچنے کی تاکید کی۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر ۲۷ کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے واقعات کو نہایت تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ کسی جگہ مسیح اور عبداللہ کے لقب سے اور کسی جگہ کنیت ابن مریم کے نام کے ساتھ آپ علیہ السلام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کی طرف نبی بنا کر بھیجا اور اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام پر آسمانی کتاب انجیل نازل فرمائی۔ آپ علیہ السلام کا لقب کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام حضرت مریم علیہا السلام ہے۔ آپ بہت نیک اور عبادت گزار خاتون تھیں۔ ایک مرتبہ آپ مسجد اقصیٰ میں تنہا بیٹھی تھیں کہ اللہ تعالیٰ کا فرشتہ (حضرت جبرائیل علیہ السلام) انسانی شکل میں آپ کے پاس آئے اور کہا کہ اے مریم میں خُدا کا فرشتہ ہوں اور تجھ کو بیٹے کی بشارت دینے آیا ہوں۔ مریم! اللہ تعالیٰ تجھے ایسے لڑکے کی بشارت دیتا ہے جو اس کا کلمہ گو ہو گا۔ اس کا لقب مسیح ہو گا۔ اور اس کا نام عیسیٰ ہو گا۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوالات (۱)، (۲) اور (۳) طلبہ سے جوابات زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دُہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

اساتذہ کرام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں معلومات جمع کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت و تبلیغ، تعلیمات اور صفات کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت کا مقصد بتائیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے قبل بنی اسرائیل ہر قسم کی برائیوں میں مبتلا تھے۔ ان کا دعویٰ تھا کہ وہ ہر طرح سے تورات پر عمل کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی بجا آوری کرتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی چہیتی اور پسندیدہ قوم کہتے تھے۔ انہوں نے اپنی خواہشات کے مطابق اللہ تعالیٰ کے احکامات کو بدل ڈالا۔ ان کے ہاں سود کا کاروبار عام تھا۔ یہودی علما سب جانتے تھے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کے احکامات میں کیا کیا تبدیلیاں کر دی ہیں۔ لیکن وہ اپنی خواہشات کو اپنا دین بنا بیٹھے تھے۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مبعوث فرمایا۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۷۲ تا ۷۴ متن کی پڑھائی کروائیں۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے قوم کو توحید کی دعوت دی۔ بنی نوع انسان سے محبت اور ہمدردی کا پیغام دیا۔ بنی اسرائیل نے آپ کی دعوت قبول کرنے کی بجائے مخالفت شروع کر دی۔ آپ علیہ السلام مخالفت کے باوجود دین کی دعوت دیتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو الہامی کتاب انجیل بھی عطا کی۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بے شمار معجزات عطا کیے تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس پیدائشی اندھوں کو لایا جاتا، تو وہ دیکھنے کے قابل ہو جاتے۔ حتیٰ کہ کوڑھ کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفایاب کر دیتے۔ یہاں تک کہ آپ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے مردوں کو زندہ کر دیتے۔

- طلبہ کو بتائیں بنی اسرائیل کے مذہبی پیشواؤں نے آپ علیہ السلام کی سخت مخالفت کی وہ آپ علیہ السلام کی مقبولیت سے گھبرا گئے۔ انھیں اپنی مذہبی اجارہ داری ختم ہوتی نظر آئی۔ انھوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی پر چڑھانے کی سفارش کی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اُٹھالیا۔
- طلبہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دوبارہ آمد کے بارے میں بتائیں کہ قیامت کے قریب جب دنیا جہالت اور کفر سے بھر جائے گی، تو اللہ تعالیٰ دوبارہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبی خاتم النبیین ﷺ کے امتی کی حیثیت سے دنیا میں بھیجیں گے۔ کفر کے نظام اور دجال کا خاتمہ کریں گے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (۱) کا جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے موضوع پر طلبہ کے مابین ذہنی آزمائش کا مقابلہ منعقد کروائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: خالی جگہ پُر کریں۔

١ حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلام کو ______________ کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔

٢ حضرت جبریل عَلَیہِ السَّلام نے حضرت مریم عَلَیہا السَّلام کو ______________ کی بشارت دی۔

٣ حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلام ______________ کے مریضوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفایاب کرتے تھے۔

٤ حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلام ______________ کے اُمّتی کی حیثیت سے زمین پر آئیں گے۔

سوال 2: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات بیان کریں۔

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

سوال 3: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کون کون سے القابات ملے؟

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجھہ | باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام |
| --- | --- |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجھہ کی پرورش، حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح، اولاد اور حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔
- آیت مباہلہ کے تناظر میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجھہ کا مقام و مرتبہ جان سکیں۔
- حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجھہ کی صفات جان کر روزمرہ کی زندگی میں ان کو اپنا سکیں۔
- حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجھہ کی شجاعت و عدالت، اخلاق و عادات اور علمی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ حضرت علی کرم اللہ وجھہ کے بارے میں پڑھیں گے۔ بچوں کو حضرت علی کرم اللہ وجھہ کا تعارف کروائیں۔ بتائیں کہ آپ کا اصل نام علی، کنیت ابوالحسن اور ابو تراب اور لقب حیدر رہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجھہ کے والد ابو طالب ہیں جو نبی خاتم النبیین ﷺ کے چچا تھے۔ آپ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد تھا۔ آپ کا تعلق بنو ہاشم قبیلے سے تھا جسے مکّہ مکرمہ میں بہت عزت و شرف حاصل تھا۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۷۵ سے پہلے دو پیراگراف کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں نبوت کا اعلان کرتے ہی چار اصحاب نے نبی خاتم النبیین ﷺ کی فوراً تصدیق کی ان میں ایک نام حضرت علی کرم اللہ وجھہ کا بھی ہے۔ اسلام قبول کرتے وقت آپ کی عمر دس برس تھی۔ نبی خاتم النبیین ﷺ آپ سے حد درجہ محبت کرتے تھے۔

- حضرت علی کرم اللہ وجہ کی اہمیت حضور خاتم النبیین ﷺ کے نزدیک کتنی تھی اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ حضور خاتم النبیین ﷺ بالعموم اہم اور مشکل ترین امور کی انجام دہی کے لیے حضرت علی کرم اللہ وجہ کو مامور فرماتے۔
- طلبہ کو حضرت علی کرم اللہ وجہ کے سیرت و کردار کے بارے میں آگاہ کریں۔ آپ کرم اللہ وجہ انتہائی پاکیزہ اخلاق کے مالک تھے۔ شجاعت اور بہادری میں آپ کرم اللہ وجہ اپنی مثال آپ تھے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) سے متن کے حوالے سے طلبہ سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

حضرت علی کرم اللہ وجہ کی سیرت و کردار روشنی ڈالیں۔